Member APNS Email:mashriqdak@gmail.com / mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدالباقی کاکڑ

جلد:16 بدھ 25 ذی القعدہ 1447ھ 13 مئی 2026ء 30 بیساکھ 2083 ب صفحات :8 قیمت :35 روپے شمارہ: 53

وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ علاقائی دفتر پشاور میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی محتسب نوید کامران کا علاقائی دفتر پشاور کا دورہ

سرکاری افسران عوام الناس کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں، اجلاس میں ہدایات

آئی آر ڈی پروگرام کے تحت عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے، اظہار خیال

پشاور (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے اپنے ادارے کے افسروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ عوام کی خدمت کو شعار بنائیں، لوگوں کے مسائل حل کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں، یہ سرکاری ملازمین کا فرض بھی ہے اور عبادت بھی، سرکاری ادارے وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شکایت کنندگان کو جلد ریلیف مل سکے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز اپنے ادارے کے علاقائی دفتر پشاور کے دورے کے دوران وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر پشاور، سوات اور ایبٹ آباد کے افسران کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران کیا۔ وفاقی محتسب نے اپنے دورے کے دوران صوبائی محتسب مظاہر زیب سے ملاقات بھی کی، جس میں عوامی شکایات کے ازالے، ادارہ جاتی تعاون اور انصاف تک رسائی کو مزید بہتر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، ہم 600 سے زائد وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات کے ازالے کیلئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ عوام الناس کی شکایات کے ازالے کیلئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔ وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر پشاور کی تعمیر کے لئے مناسب اراضی کی نشاندہی کے لئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے تنازعات کے غیر رسمی حل کے پروگرام آئی آر ڈی کو مزید قابل عمل اور موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ IRD پروگرام کے تحت عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لئے IRD پروگرام کو نئے سرے سے ترتیب دیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں وفاقی محتسب کو علاقائی دفاتر کی کارکردگی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔